معائنے/جائزے کے لیے نوٹس اور رضامندی

مقصد: کسی معائنے/جائزے کی تجویز کیے جانے کی صورت میں والدین کو پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرنا اور تجویز کیے جانے والے معائنے/جائزے کو انجام دینے کے لیے والدین کی رضامندی حاصل کرنا۔

بچے کا نام	**تاریخ پیدائش**	**فیملی ریسورسز کو آرڈینیٹر**

نوٹس کی وجہ

ESIT کے لیے معائنے اور جائزے کی سرگرمیاں انجام دینے سے پہلے ایک معقول وقت میں آپ کو ایک پیشگی تحریری نوٹس دینا ضروری ہے۔ اس بات کا تقاضہ کیا جاتا ہے کہ آپ ذیل میں اپنے دستخط کے ذریعے ان سرگرمیوں کے لیے باخبر، تحریری رضامندی دیں۔ معائنے اور جائزے کا مقصد آپ کے بچے کے متعلق معلومات حاصل کرنا ہے؛ آپ کے خاندان کو آپ کے بچے، کی نشوونما کے حوالے سے اضافی معلومات دینا ہے؛آپ کے بچے کی منفرد طاقتوں اور ضروریات اور ان سروسز کی شناخت کرنا ہے ؛ جو ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے درست ہو سکتی ہیں؛ اس بات کا تعین کرنا ہے کہ آیا آپ کا بچہ ESIT پروگرام کے لیے اہل ہے یا نہیں ؛ اور یہ کہ اگر آپ کا بچہ اہل ہو، تو آپ کی رضامندی اور شرکت کے ساتھ ، ایک تحریری انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) بنانا ہے۔ یہ اس نوٹس کے لیے آپ کا بیان ہے۔

"رضامندی" کا مطلب ہے کہ: *(1) آپ کو ان تمام معلومات کے بارے میں مکمل طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے، جو اس سرگرمی (سرگرمیوں) کے بارے میں ہیں اور جن کے لیے آپ کی رضامندی لیجا رہی ہے، یہ معلومات آپ کو آپ کی اپنی زبان یا ابلاغ کے طریقہ کار کے مطابق بتائی گئی ہیں بشمول سائن لینگوئج، بریلی، زبانیابلغکےذریعے، جیسا موزوں تھا۔ (2) یہ کہ آپ سمجھتے/سمجھتی ہیں کہ آپ وہ سرگرمی (سرگرمیاں) کریں گے/گی، جن کےلیےآپ کی رضامندیلیجا رہی ہے؛ (3) رضامندی میں سرگرمی (سرگرمیوں) کی وضاحت موجود ہے اور ان ارلی انٹروینشنز کے ریکارڈز (اگر کوئی ہوں) بھی موجود ہیں جو جاری ہوئے ہیں اور کس کو جاری کیے گئے ہیں؛ اور (4) آپ کی رضامندی رضاکارانہ ہےاور کسی بھی وقت تحریری طور پر درخواست کرنے پر واپس لی جا سکتی ہے۔ اگر آپ رضامندی کو منسوخ کر دیتے ہیں، تو اسکا اطلاقماضی پر نہیں ہوتا (اس کا اطلاق کسی ایسے عمل پر نہیں ہوتا، جو رضامندی کے منسوخ کیے جانے سے پہلے کیا گیا تھا)۔*

مجوزہ عمل

ایک جائزہ اور تشخیص کم از کم دو کوالفیائیڈلوگ کریں گے، جن کاتعلقمختلفشعبوںسے ہو گایاایکایساشخص بھی ہو سکتا ہے (جس کا تعلق دو مختلف شعبوں سے ہو، جو ESIT پروگرام کیپالیسیوں اور طریقہ کارکےمطابق ہو گا۔ معائنے کی ٹیم کے طور پر آپ کی شرکت کی انتہائی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ آپ اپنے بچے کے بارے میں بہترین طور پر جانتے ہیں اور اپنے بچےکے متعلق اہم معلومات دے سکتے ہیں۔ معائنہ اور جائزہ اس بارے میں ایک جامع نظارہ ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ ادراکی، بڑی حرکات، نفیس حرکات، ابلاغ، سماج-معاشی اور مطابقت پذیری نشوونما اور ساتھ ہی ساتھ بصارت اور سماعت کے شعبوں میں کیسی کارکردگی دکھا رہا ہے۔ نتائج سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کابچہان تمام شعبوں میں کیا کاکردگی دکھا رہا ہے اور یہ کہ آیا آپ کے بچے کی ESIT سروسز جاری رہنی چاہیں یا نہیں۔

وضاحت

مجوزہ جائزہ میں کئی عمل شامل ہوں گے، بشمول جائزہ کے لیے کسی آلے کا استعمال، بچے کی ہسٹری لینا، والدین کا انٹرویو لینا، خاندان کے دیگر لوگوں، نگہداشت فراہم کنندگا، طبی اور دیگر پیشہ وارانہ ماہرین سے معلومات اکٹھی کرنا اور طبی، تعلیمی یا دیگر ریکارڈز کا جائزہ لینا۔ جائزے کے مجوزہ عمل درآمد آپ کے بچے کی منفرد طاقتوں اور ضروریات اور مناسب ارلی انٹروینشن سروسز کا تعین کریں گے۔ تشخیص میں شامل ہو گا: جائزہ کے نتائج کی نظرثانی: بچے کے بارے میں ذاتی مشاہدات، جائزے کے رسمی اور غیر رسمی طریقے استعمال کرتے ہوئے ہر نشوونماتی مقام پر بچے کی ضروریات کی شناخت۔ ESIT فراہم کنندگان آپ کے ساتھ ان طریقوں کے بارے میں بات کریں گے، جو وہ اس معائنے اور جائزے کے لیے استعمال کریں گے۔ یہ معائنہ اور جائزہ بغیر کسی خرچ کے فراہم کیا جائے گا۔ نتائج آپ کے بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈز میں رکھے جاتے ہیں۔ معائنے/جائزے کے متعلق کوئی بھی معلومات ESIT پروگرام سے باہر کسی شخص یا ایجنسی کے ساتھ شریک نہیں کی جائیں گی، ماسوائے یہ کہ آپ ایسا کرنے کے لیے تحریری رضامندی دیں۔ IFSP ٹیم اس بات کا تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ/بچی ESIT سروسز کو مزید جاری رکھنے کا اہل ہے یا نہیں ہے اور ایک پیشگی تحریری نوٹس فراہم کرے گی، بشمول اہلیت کے تعین پر اعتراض کرنے کا آپ کا حق۔

والدین کا دستخط

رضامندی کا اقرار اور بیان
میں نے اس نوٹس کے ساتھ IDEA (ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، انڈیویجوئلز ود ڈیس ایبلٹی ایکٹ (IDEA) حصہ C پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]) کے حصہ C کے تحت اپنے حقوق، کی ایک عدد نقل وصول کر لی ہے۔

میرے لیے ان حقوق اور عمل درآمد کے دوران حفاظتوں کی وضاحت کر دی گئی ہے اور میں انہیں سمجھتا/سمجھتی ہوں۔ مجھے سمجھ ہے کہ میری رضامندی رضاکارانہ ہے اور یہ کہ میں کسی بھی وقت یہ فیصلہ کر سکتا/سکتی ہوں کہ میرے بچے/بچی کا جائزہ/تشخیص بند کر دیا جائے۔ مجھے سمجھ ہے کہ اگر میں اس جائزہ یا تشخیص کے لیے اپنی رضامندی نہ دوں، تو میرے بچے/بچی کا جائزہ یا تشخیص نہیں ہو گی۔

☐ میں مطلع رضامندی دیتا/دیتی ہوں   ☐ میں مطلع رضامندی نہیں دیتا/دیتی   کہ ESIT پروگرام مندرجہ بالا کوئی سرگرمی (سرگرمیاں) سر انجام دے۔

فروری 2012

والدین کا نام جلی حروف میں	
والدین کا دستخط	تاریخ
موصول کردہ منجانب نام/عہدہ/ایجنسی	تاریخ

منسلکہ: واشنگٹن ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام، انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجوکیشن ایکٹ (IDEA) حصہ C کے پروسیجرل سیف گارڈز [والدین کے حقوق]

نوٹ: والدین کو اس فارم کی ایک نقل ملے گی اور ایک دستخط شدہ نقل بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈ میں شامل کی جائے گی۔